# سندھ ایکٹ نمبرXI مجریہ 2006

# SINDH ACT NO. XI OF 2006

# سندھ پیشورانہ تربیت کاؤنسل ایکٹ،2006

# THE SINDH VOCATIONAL TRAINING COUNCIL ACT,2006

## فہرست (CONTENTS)


تمہید(Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. تعریف

Definitions

3. کاؤنسل کی شمولیت

Incorporation of the Council.

4. کاؤنسل کی تشکیل

Constitution of the Council

5. کاؤنسل کے کام

Functions of the Council

6. چیئرمین کے اختیارات اور کام

Powers and functions of the Chairman.

7. بورڈ ز کی تشکیل

Constitution of the Boards.

8. اختیارات کی منتقلی .

Delegation of power

9. کاؤنسل فنڈ

Council fund.

10. بجٹ، آڈٹ اور اکاؤنٹنٹس

Budget, audit and accounts.

11. کاؤنسل کا ملازم

Employee of the Council.

12. کاؤنسل

Proceedings of Council not invalidated by vacancies etc.

13. کاؤنسل کی کاروائیاں آسامیوں وغیرہ کے سبب غیر موثر نہیں ہونگی۔
Indemnity

14. چھوٹ
Power to make rules.

15. قواعد بنانے کا اختیار
Powerto make regulations.

16. ضوابط بنانے کا اختیار
Removal of difficulties

17. منسوخی
Repeal

# سندھ ایکٹ نمبرXI مجریہ 2006

# SINDH ACT NO. XI OF 2006

# سندھ پیشورانہ تربیت کاؤنسل ایکٹ،2006

# THE SINDH VOCATIONAL TRAINING COUNCIL ACT,2006

[27دسمبر2006]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں پیشورانہ تربیت کاؤنسل قائم کی جائے گی،

تمہید(Preamble)

جیسا کے سندھ صوبے میں پیشورانہ تربیت کاؤنسل قائم کرنا اور اس سے متعلقہ اور اس سے منسلک کاموں کے لیئے قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے،

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ پیشورانہ تربیت کاؤنسل ایکٹ،2006 کہا جائے گا:

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف
Definitions

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے بر عکس نہ ہو تب تک:

(a) ’’بورڈ‘‘ سے مراد دفعہ 6 کے تحت قائم کردہ بورڈ،

(b) ’’چیئرمین‘‘ سے مراد کاؤنسل کا چیئرمین

(c) ’’کاؤنسل‘‘ سے مراد دفعہ 4 کے تحت قائم کردہ کاؤنسل

(d) ’’فنڈ‘‘ سے مراد دفعہ 8 کے تحت قائم کردہ فنڈ؛

(e) ’’حکومت‘‘ سے مراد سندھ حکومت؛

(f) ''ادارہ'' سے مراد دفعہ 5 کے تحت قائم کردہ پیشورانہ تربیت کا ادارہ؛

(g) ''بیان کردہ'' سے مراد قواعد یا ضوابط کے تحت بیان کردہ، اور

(h) ''قواعد یا ضوابط'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد یا ضوابط

کاؤنسل کی شمولیت
Incorporation of the Council.

3.(1) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے کاؤنسل قائم کر سکتی ہے، جس کو سندھ پیشورانہ تربیت کاؤنسل کہا جائے گا۔

(2) کاؤنسل باڈی کارپوریٹ ہوگی جس کو حقیقی وارثی اور عام مہر کے ساتھ ملکیت حاصل کرنے اور رکھنے کا اختیار حاصل ہوگا اور بیان کردہ نام کے ساتھ اس پر کیس ہو سکے گا اور وہ کیس کر سکتی ہے۔

کاؤنسل کی تشکیل
Constitution of the Council

4.(1) کاؤنسل ایسے میمبران پر مشتمل ہوگی جو سات سے کم نہیں ہونگے اور پندرہ میمبران سے زائد نہیں ہونگے، جیسا حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے مقرر کرے۔

(2) فنانس، زکوات اور عشر اور محکمہ تعلیم کے سیکریٹریز کاؤنسل کے ایکس آفیشو میمبر ہونگے اور دوسرے میمبران نجی سیکٹر میں زراعت، ایگروبیسڈ انڈسٹری کے میدان میں میمبران کی تعداد کاؤنسل کے میمبران کی کل تعداد کے پچیس فیصد سے کم نہیں ہوگی۔

(3) کاؤنسل میمبران مقرر کر سکتی ہے، جو چار سے زائد نہیں ہونگے۔

(4) حکومت میمبران میں سے کسی ایک کو چیئرمین کے طور پر مقرر کرے گی، ان شرائط اور ضوابط کے تحت جیسا حکومت طے کرے،

(5) چیئرمین نجی سیکٹر میں زراعت، ایگروبیسڈ انڈسٹری، صنعت کے میدان یا شعبے میں سے نامور شخص ہوگا۔

(6) چیئرمین کے عہدے کی مدت پانچ سال ہوگی اور میمبران کی مدت تین سال ہوگی

(7) حکومت کسی بھی وقت پر تحریری سبب میں ریکارڈ میں رکھ کر چیئرمین کو ہٹا سکتی ہے۔

(8) حکومت چیئرمین کی سفارش پر کسی بھی وقت منتخب کردہ میمبر کے علاوہ کسی بھی میمبر کو ہٹا سکتی ہے۔

(9) ذکوات اور عشر کھاتے کے حکومت کے سیکریٹری کاؤنسل کے سیکریٹری کے طور پر کام سر انجام دے گا،

(10) کاؤنسل کسی بھی وقت پر منتخب کردہ میمبر کو ہٹا سکتی ہے۔

کاؤنسل کے کام
Functions of the Council

5. کاؤنسل:

(i) پیشورانہ تربیتی ادارے قائم کرے گی اور انتظام کرے گی، اور

(ii) ایسے اداروں کے سلسلے میں ایسے دوسرے کام سر انجام دے گی، جیسا بیان کیا گیا ہو،

چیئرمین کے اختیارات اور کام
Powers and functions of the Chairman

6. چیئرمین کاؤنسل کا چیف اگزیکیٹو ہو گا اور کاؤنسل کے روزمرہ انتظامات اور معاملات کے لیئے ذمہ دار ہو گا۔

بورڈز کی تشکیل
Constitution of the Boards

7. کاؤنسل ایسے بورڈز قائم کر سکتی ہے، جو اس کے کاموں کی موثر ادائیگی کے لیئے ضروری ہوں اور ایسے بورڈ کو ایسے کام سونپ سکتی ہے، جیسا وہ ضروری سمجھے۔

اختیارات کی منتقلی
Delegation of power

8.(1) کاؤنسل اپنے کوئی بھی اختیارات، ذمہ داریاں یا کام چیئرمین یا کاؤنسل کے کسی عملدار، بورڈ یا ادارے کے پرنسپل کو منتقل کر سکتی ہے۔

(2) چیئرمین اپنے کوئی بھی اختیارات علاوہ کسی، کاؤنسل کے کوئی عملداروں کو، یا ادارے کے پرنسپل کو منتقل کردہ سونپے گئے اختیارات کے، منتقل کر سکتا ہے۔

کاؤنسل فنڈ
Council fund.

9.(1) ایک فنڈ ہو گا، جس کو سندھ پیشورانہ تربیت کاؤنسل فنڈ کہا جائے گا، جو کاؤنسل میں ہو گا، اور جس میں کاؤنسل کی طرف سے حاصل کردہ تمام رقوم جمع کی جائیں گی۔

(2) فنڈ ایسی تحویل میں رکھا جائے گا اور استعمال کی جائے گا اور با قاعدہ طریقے سے قابو میں لایا جائے گا جیسا بیان کیا گیا ہو۔

(3) حکومت کاؤنسل کو اس کے سیکریٹریٹ اور دوسرے ضروری اور متعلقہ اخراجات کے لیئے فنڈ فراہم کرے گی۔

بجٹ، آڈٹ اور اکاؤنٹنٹس
Budget, audit and accounts.

10. کاؤنسل کا بجٹ منظور کیا اور اس کے اکاؤنٹنس ایسے طریقے سے سنبھالے اور آڈٹ کیئے جائیں گے، جیسا بیان کیا گیا ہو۔

کاؤنسل کا ملازم
Employee of the Council

11. کاؤنسل ایسے عملدار، صلاحکار، مشیر اور ملازم اپنی ملازمت پر رکھے گی جیسا وہ اپنے کام کی موثر ادائیگی کے لیئے ضروری سمجھے، ایسے طریقے اور ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت جیسا ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔

کاؤنسل
Proceedings of Council not invalidated by vacancies etc

12. کوئی قدم، کاروائی، قرادار یا کاؤنسل کا کوئی فیصلہ کاؤنسل میں کسی آسامی سبب غیر موثر نہیں ہو گا۔

چھوٹ
INEMINTY

13. تمام لیئے گئے اقدام، جاری کردہ احکام یا اچھی نیت سے کاؤنسل کی طرف سے کی گئی کاروائیاں، حتمی ہونگی اور ان پر کسی عدالت میں مقدمے یا دوسری صورت میں سوال نہیں اٹھایا جائیگا۔

| | | |
|---|---|---|
| قواعد بنانے کا اختیار<br>Power to make rules | حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بناسکتی ہے۔ | 14. |
| Powerto make regulations. | اس آرڈیننس اور قواعد کے مطابق کاؤنسل اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضوابط بناسکتی ہے۔ | 15. |
| رکاوٹوں کا خاتمہ<br>Removal of difficulties | اگر اس آرڈیننس کی کچھ گنجائشوں کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو حکومت ایسے حکم جاری کرے گی جو رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ضروری ہوں۔ | 16. |
| منسوخی<br>Repeal | سندھ پیشورانہ تربیتی کاؤنسل آرڈیننس، 2006 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔ | 17. |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**